
# کھڑکی

کھڑکی، سڑک ، پیغام، چستی ، کلکاری، پوشاک ، نیند ، مکتب ، سوغات ، تماشہ ، خوشبو،



کھڑکی کتنی پیاری میری
کھڑکی سے ہے یاری میری
سورج کا پیغام وہ لائے سُستی جائے چُستی آئے
بستر پر کرنیں بکھرائے سوتوں کو وہ روز جگائے
نیند بھگادے ساری میری
کھڑکی کتنی پیاری میری
کھڑکی سے ہے یاری میری
دیکھوں اس سے خوب تماشا چلتے پھرتے بنٹی پاشا
گھوڑا گاڑی موٹر دیکھوں میلہ ایک سڑک پر دیکھو
تب گونجے کل کاری میری
کھڑکی کتنی پیاری میری
کھڑکی سے ہے یاری میری



خوشبو کے جھونکے در آتے کھڑکی سے بادل گھر آتے
بارش کے چھینٹے آ آ کر چل دیتے موتی بکھرا کر
جیسے یہ پھلواری میری
کھڑکی کتنی پیاری میری
کھڑکی سے ہے یاری میری




اسکولی پوشاک میں بچّے　　تن کے اُجلے من کے سچّے
دیکھ کے چلتے دائیں بائیں　　سیدھے رستے مکتب جائیں

کہتے ہیں کل باری میری
کھڑکی کتنی پیاری میری
کھڑکی سے ہے یاری میری

جب جب ایک مداری آئے　　بھالو کا وہ ناچ دکھائے
منّی پاپا ساتھ یہ دیکھیں　　کھڑکی سے سوغات یہ دیکھیں

دیکھیں باجی پیاری میری
کھڑکی کتنی پیاری میری
کھڑکی سے ہے یاری میری



# مشق اور سوالات

(1) پڑھیئے اور بتائیے:-

(1) کھڑکی کے کیا فائدے ہیں؟

(2) بچے کو کھڑکی سے یاری کیوں ہے؟

(3) بچے کی کلکاری کب گونجتی ہے؟

(4) تن کے اُجلے من کے سچے، کس کو کہا گیا ہے؟

(2) معنی یاد کیجیئے:-

پیغام = زبانی بات، سندیسا

چُستی = تیزی، ہوشیاری -

یاری = دوستی

کلکاری = بچے کی خوشی میں- چیخنے کی آواز

پوشاک = لباس، کپڑے

مکتب = اسکول، مدرسہ

سوغات = تحفہ، عمدہ چیز

(3) خالی جگہ پُر کیجئے۔

کھڑکی..................میری

کھڑکی..................میری

دیکھوں اس سے..................

چلتے پھرتے..................

خوشبو کے..................در آتے

کھڑکی سے..................گھر آتے

(4) عملی کام:-

- نظم کو لے سے پڑھ کر زبانی یاد کیجیئے۔

کھڑکی کی تصویر بنا کر اس کے باہر نظر آنے والے مناظر کی تصویریں بنائیے۔

نیچے کچھ الفاظ دیئے جا رہے ہیں، ان کے بارے میں بات چیت کیجئے۔

مداری، کھڑکی، سورج، تماشہ

پھلواری، باری پیاری، چُستی